سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر:________________

جوابی کاپی نمبر:______________

درجہ: عالیہ سال دوم | پرچہ: پہلا | مضمون: التفسیر

تاریخ: 01-02-2025 | دن: ہفتہ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: سورۃ الفاتحہ کے کوئی سے تین نام ذکر کیجیے۔

سوال نمبر 2: امام بیضاوی علیہ الرحمہ کا "بسم اللہ" کے متعلق ماننے میں "ذٰلِک أولی" سے کس کی طرف اشارہ ہے؟

سوال نمبر 3: "لام امر" اور "لام اضافت" کو کسرہ کیوں دیا گیا ہے؟

سوال نمبر 4: مفسرین کرام قرآن کی تفسیر کیوں کرتے ہیں؟ تین وجوہات تفسیر بیضاوی کی روشنی میں لکھئے۔

سوال نمبر 5: "رئیس العلم" کس علم کو کہا گیا ہے اور وہ علم قواعدِ شریعت کے لیے کیا حیثیت رکھتا ہے؟

سوال نمبر 6: حروف مہموسہ کسے کہتے ہیں؟ یہ کل کتنے حروف ہیں؟

سوال نمبر 7: ﴿رَبِّ العٰلَمِينَ﴾ نصب کے ساتھ قراءت کے تین احتمالات تفسیر بیضاوی کی روشنی میں بیان کیجیے۔

سوال نمبر 8: حمد اور مدح کی تعریف عربی میں کیجیے نیز عربی مثال سے مفہوم واضح کیجیے۔

سوال نمبر 9: اعمال نفسانیہ، اعمال بدنیہ اور اعمال مالیہ کو بیان کیجیے۔

سوال نمبر 10: "استعانت" کا لغوی و اصطلاحی معنی تفسیر بیضاوی کی روشنی میں تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 11: ﴿الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الأَرضَ﴾ میں "جَعَلَ" کون سے افعال سے ہے اور یہ کن معانی کے لیے آتا ہے؟ کوئی سے دو تفسیر بیضاوی کی روشنی میں لکھئے۔

سوال نمبر 12: ﴿أُولٰٓئِكَ الَّذِينَ اشتَرَوُا الضَّلٰلَةَ﴾ یہاں اشتراء کا کیا معنی ہے اور اشتراء کا اصلی معنی کیا ہے؟

سوال نمبر 13: "رَيْبٌ" باعتبار مشتق ہونے کے کیا ہے، اس کا اصلی معنی کیا ہے اور اس کا شک والا معنی کیوں لیا گیا ہے؟

سوال نمبر 14: ﴿بِمَا كَانُوا يَكذِبُونَ﴾ قرأهاعاصم وحمزةوالكسائي والمعنى بسبب كذبهم أو ببدله جزاء لهم وهوقولهم آمنا وقرأ الباقون "يُكَذِّبُونَ" عبارت کا مفہوم بیان کیجیے۔

سوال نمبر 15: ﴿أَنعَمتَ عَلَيهِم﴾ کے مصداق کے حوالے سے بیان کردہ تین اقوال تفسیر بیضاوی کی روشنی میں تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 16: "إنَّ" حرف مشبہ بالفعل کی فعل کے ساتھ مشابہت کتنے اور کون کون سے اعتبار سے ہے؟

سوال نمبر 17: ﴿بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيمِ﴾ کی تفسیر کے ضمن میں علامہ بیضاوی کا فعل خاص کی (جار کا مجرور سے ملکر) تقدیر کے بارے میں بیان کردہ قاعدہ لکھئے۔

سوال نمبر 18: تقویٰ کا مفہوم تفسیر بیضاوی کی روشنی میں تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 19: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے "الٓمٓ" کے کیا معنی بیان کیے ہیں؟

سوال نمبر 20: "أَندَادًا" کا مفرد اور معنی لکھئے اور یہ بتائیے کہ اس کو کس معنی کے ساتھ خاص کر دیا گیا ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: ﴿فَأتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثلِهٖ﴾ یہ آیت کس چیز پر حجت ہے، یہاں "مِنْ" کن معنوں میں ہو سکتا ہے اور اخفش کے نزدیک اس کا کیا معنی متعین ہے؟

سوال نمبر 2: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ اٰمَنَّابِاللهِ وَبِاليَومِ الآخِرِوَمَاهُم بِمُؤمِنِينَ﴾، اس آیت میں کونسی قسم کے افراد مراد ہیں؟ اور ان کے لیے وعید میں جو آیت نازل کی گئی ہے اسے تحریر کیجیے۔ نیز یہ بتائیے کہ "النَّاسِ" کی اصل کیا ہے؟

سوال نمبر 3: ﴿صِراطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ﴾ یہ بتائیے کہ اس آیت میں استقامت / مستقیم کا معنی کس طرح موجود ہے اور یہ کہ وہ استقامت / مستقیم کا راستہ کن لوگوں کا ہے؟ نیز اس آیت کے تحت امام بیضاوی کی بیان کردہ اللہ پاک کی نعمتوں کی تقسیم کاری کو بیان کیجیے۔

سوال نمبر 4: ﴿وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِمَآ أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَآ أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ﴾ "إنزال" کا لغوی و اصطلاحی معنی تحریر کیجیے۔ نیز یہ بھی بتائیے کہ اس آیت میں "أنزل" ماضی کا صیغہ کیوں استعمال کیا گیا ہے حالانکہ سارا قرآن تو اس وقت نازل نہیں ہوا تھا۔

سوال نمبر 5: ﴿وَمَايُضِلُّ بِهٖ إِلَّاالفٰسِقِينَ﴾ أي الخارجين عن حدالإيمان كقوله تعالي: ﴿إِنَّ المُنٰفِقِينَ هُمُ الفٰسِقُونَ﴾ من قولهم: فسقت الرطبةعن قشرهاإذا خرجت وأصل الفسق: الخروج عن القصد. قال رؤبة: "فواسقاعن قصدهاجوائرا" والفاسق في الشرع: الخارج عن أمر الله بارتكاب الكبيرةوله درجات ثلاث: الأولي: التغابي وهو أن يرتكبها أحيانا مستقبحا إياها. الثانية: الانهماك وهو أن يعتاد ارتكابها غير مبال بها. اعراب لگا کر ترجمہ کیجیے۔

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**
کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل
درجہ: **عالیہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **التفسیر**
تاریخ: **01-02-2025** دن: **ہفتہ** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**
امتحانی سنٹر:____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر:____________ دستخط مقتش:__________

رول نمبر:______________

دستخط اُمیدوار:____________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25=25x1)**

سوال نمبر 1: مقدمہ میں امام بیضاوی علیہ الرحمۃ نے قرآن پاک کے نزول کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔۔۔

(الف)علی رسوله (ب)علی نبیه (ج)علی عبده (د)سوي ذلك

سوال نمبر 2: اپنے آپ کو ہر اس چیز سے بچانا جو آخرت میں ہلاکت کا باعث بنے، اس صفت کے حامل شخص کو۔۔۔ کہتے ہیں۔

(الف)مخلد (ب)متقی (ج)مبتدی (د) متجنب

سوال نمبر 3: ۔۔۔ دونوں اخوان ہیں۔

(الف)شکر اور حمد (ب)حمد اور مدح (ج)نعمت اور حمد (د) جمیل اختیاری اور حمد

سوال نمبر 4: ضرورت شعری کی وجہ سے لفظ جلالت اللہ کے درمیانی الف کا حذف کرنا۔۔۔ ہے

(الف)جائز نہیں (ب)جائز (ج) مستحسن (د)واجب

سوال نمبر 5: صفت رحیم اور صفت رحمن میں سے زیادہ مبالغہ۔۔۔ میں پایا جاتا ہے۔

(الف)رحیم (ب)رحمن (ج)دونوں برابر ہیں (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ میں ہے:" کہ جس نے قرآن کا ایک حرف پڑھا اس کے لیے۔۔۔ نیکیاں لکھی جاتی ہیں"۔

(الف)10 (ب)20 (ج)30 (د)40

سوال نمبر 7: ﴿وَلَقَدْ اٰتَیْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ﴾ یہ آیت سورۃ الفاتحہ کے۔۔۔ ہونے کو ثابت کرتی ہے۔

(الف)مدنی (ب)مکی (ج)مکی و مدنی دونوں (د)یہ تمام

سوال نمبر 8: ۔۔۔ کے نزدیک بسم اللہ، سورۃ الفاتحہ کا جز نہیں ہے۔

(الف)کوفہ کے قراء (ب)مکہ کے قراء (ج)مدینہ کے فقہاء (د)شام کے قراء

سوال نمبر 9: ﴿إِيَّاكَ نَعبُدُ﴾ میں معمول۔۔۔ ہے۔

(الف)مؤخر (ب)مقدم (ج)محذوف (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 10: "بسم اللہ" کی "باء" کو۔۔۔ کی وجہ سے لمبا لکھا جاتا ہے۔

(الف)رسم الخط (ب)عربوں کے طریقے (ج)نحویوں کے طریقے (د)سقوطِ ہمزہ

سوال نمبر 11: "عَالَمِیْنَ" کا واحد ہے۔

(الف)عَلَمٌ (ب)عَالَمٌ (ج)عِلْمٌ (د)عَلَمَیْنِ

سوال نمبر 12: ﴿بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيمِ﴾ سورۃ فاتحہ کا جزو ہے، یہ۔۔۔ کا مؤقف ہے۔

(الف)احناف (ب)شوافع (ج)دونوں (د)کسی کا نہیں

سوال نمبر13: سورۃالفاتحہ۔۔۔پر مشتمل ہے۔

(الف)ثناء (ب)امر و نہی (ج)وعدے اور وعید (د)ان تمام مضامین

سوال نمبر14:"اِسْمٌ"کوفیوں کے نزدیک۔۔۔سے مشتق ہے۔

(الف)وِسْمٌ (ب)سِمَةٌ (ج)سِمٌ (د)کسی سے نہیں

سوال نمبر15:لفظ"صِرَاط"کی اصل میں باعتبار فنِ قراءت کے درست صورت ہے۔

(الف)سِرَاط سین کے ساتھ (ب)صِرَاط صاد کے ساتھ بغیر اشمام کے

(ج)صِرَاط صاد کے ساتھ مع اشمام (د)یہ تمام درست ہیں

سوال نمبر16:"المغضوب علیھم"سے تفسیر بیضاوی کی رو سے۔۔۔مراد ہیں۔

(الف)یہودی (ب)عیسائی (ج)مستشرق (د)یہ تمام

سوال نمبر17:"آمِیْنَ"ہے۔

(الف)اسم فعل (ب)فعل ماضی (ج)فعل مضارع (د)فعل نہی

سوال نمبر18:"هُدًى"اصل میں۔۔۔ہے۔

(الف)مصدر (ب)اسم جامد (ج)فاعل (د)مفعول

سوال نمبر19:"صَلٰوةٌ"بروزن۔۔۔ہے۔

(الف)فَعَلَوْةٌ (ب)فَعَلَلَةٌ (ج)فَعَلَةٌ (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر20: "الرزق" کالغت میں معنی۔۔۔ہے۔

(الف)الإعطاء (ب)الإخراج (ج)الحظ (د)الملك

سوال نمبر21: لفظ اللہ کی اصل"لاھا"ہے،"لاھا"۔۔۔زبان کا لفظ ہے۔

(الف)عربی (ب)فارسی (ج)سریانی (د)عبرانی

سوال نمبر22: سورۃالفاتحہ مکی ہے۔ صحیح قول کے مطابق امام بیضاوی نے اس کے مکی ہونے کو۔۔۔سے ثابت کیا۔

(الف)نص حدیث (ب)نص قرآنی (ج)اجماع (د)قیاس

سوال نمبر23:وہ خفی جس کا حس ادراک نہ کر سکے اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)دلیل (ب)مستور (ج)غیب (د)قصر

سوال نمبر24:جو شخص اعتقاد سے خالی ہو اس کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)منافق (ب)کافر (ج)فاسق (د)مومن

سوال نمبر25:لفظ اللہ کے لام کو پُر پڑھا جائے گا اگر اس کا ماقبل۔۔۔ہو۔

(الف)فتحہ (ب)ضمہ (ج)کسرہ (د)الف اور ب دونوں ہوں

**سالانہ امتحان2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عالیہ سال دوم** | پرچہ: دوسرا | مضمون: **الحدیث الشریف**

تاریخ: **03-02-2025** | دن: پیر | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

## حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1: نماز کی چابی اور اس کی تحریم اور اس کی تحلیل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: سردیوں میں صحابہ کرام اپنے ہاتھوں کو تکبیر تحریمہ کے لئے کیسے بلند کرتے تھے؟

سوال نمبر3: حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق کس چیز کو انبیاء کرام علیہم السلام کے اخلاق میں سے کہا گیا ہے؟

سوال نمبر4: حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق نماز کو کیا کہا گیا ہے؟

سوال نمبر5: عشرہ مبشرہ کب کب رفع یدین کرتے تھے؟

سوال نمبر6: امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک قیام میں کہاں ہاتھ باندھا جائے گا؟

سوال نمبر7: قعدہ اولی و ثانیہ میں بیٹھنے کے بارے میں ائمہ کے کتنے اقوال ہیں؟

سوال نمبر8: قعدہ میں تورک کے جواز کو کس چیز پر محمول کیا گیا ہے؟

سوال نمبر9: امام اعظم کے نزدیک کن الفاظ سے تکبیر تحریمہ کہی جاسکتی ہے؟

سوال نمبر10: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت کے مطابق آقا کریم ﷺ نماز کا افتتاح کن الفاظ کے ساتھ کرتے تھے؟

سوال نمبر11: امام شافعی کے نزدیک مقتدی جہری نماز میں کب قراءت کرے گا؟

سوال نمبر12: قراءت کے بعد آمین کہنے یا نہ کہنے کے بارے میں کن ائمہ کا اختلاف ہے؟

سوال نمبر13: حضرت ابو قتادہ کی روایت کے مطابق آقا کریم ﷺ کس رکعت کو طویل کرتے اور کس کو طویل نہ کرتے؟

سوال نمبر14: جمعہ کے دن فجر کی نماز میں کون سی سورتوں کی قراءت کرنے کی تخصیص آئی ہے؟

سوال نمبر15: جو آیات سوال وغیرہ پر محمول ہیں نماز میں ان آیات کے جواب دینے کے حوالے سے امام شافعی اور امام اعظم کا اختلاف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر16: رکوع اور سجود میں قراءت سے منع کرنے کے حوالے سے حدیث پاک تحریر کیجئے۔

سوال نمبر17: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کس کی نماز کو حضور ﷺ کی نماز سے زیادہ مشابہت دی؟

سوال نمبر18: آقا کریم ﷺ نے کتنی اور کون کون سی چیزوں پر سجدہ کرنے کا حکم دیا ہے؟

سوال نمبر19: امام اعظم اور امام شافعی کے نزدیک سجدے میں ہاتھ اور گھٹنے زمین پر رکھنے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر20: "إن النبي ﷺ كان يشير بأصبعه اذا دعا ولا يحركها" حدیث پاک کا ترجمہ کیجئے۔

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر1: نماز کی صفات کے بارے میں کوئی پانچ احادیث تحریر کیجئے۔

سوال نمبر2: امام ترمذی نے رفع یدین کے بارے میں کتنے اور کون سے باب باندھے؟ خلاصہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر3: قیام میں ہاتھ باندھنے اور چھوڑنے میں اختلاف ائمہ تحریر کیجئے نیز امام اعظم کے مؤقف پر دلیل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر4: سجدے میں جاتے ہوئے ہاتھوں یا گھٹنوں کو پہلے رکھنے کے حوالے سے اختلاف ائمہ مع الدلائل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر5: آقا کریم ﷺ صحابہ کرام کو تشہد کیسے سکھاتے؟ کوئی دو احادیث تحریر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: ___________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عالیہ سال دوم** | پرچہ: **دوسرا** | مضمون: **الحدیث الشریف**

تاریخ: **03-02-2025** | دن: **پیر** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مقتش: ___________

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: شیخ عبد الحق محدث دہلوی۔۔۔ میں پیدا ہوئے۔

(الف) 955ھ (ب) 958ھ (ج) 959ھ (د) 963ھ

سوال نمبر 2: فتح المنان کے مصنف کی پیدائش۔۔۔ میں ہوئی۔

(الف) اجمیر (ب) دہلی (ج) بغداد (د) بریلی

سوال نمبر 3: نماز میں سیدھے ہاتھ کو الٹے ہاتھ پر رکھنا۔۔۔ کے اخلاق میں سے ہے۔

(الف) انبیاء کرام (ب) صحابہ کرام (ج) اولیاء عظام (د) صوفیاء کرام

سوال نمبر 4: رفع یدین پر۔۔۔ کے درمیان مناظرہ ہوا۔

(الف) امام اعظم اور امام شافعی (ب) امام اعظم اور امام محمد (ج) امام اعظم اور امام اوزاعی (د) امام اوزاعی اور امام ابن ہمام علیہم الرحمۃ

سوال نمبر 5: رفع یدین پر مناظرہ مکہ شہر میں۔۔۔ کے مقام پر ہوا۔

(الف) مسجد حرام (ب) دار الحناطین (ج) منیٰ (د) مزدلفہ

سوال نمبر 6: حضرت حماد علیہ الرحمہ۔۔۔ سے زیادہ فقیہ تھے۔

(الف) امام زہری (ب) امام سالم (ج) امام ابراہیم (د) امام علقمہ علیہم الرحمۃ

سوال نمبر 7: امام ترمذی علیہ الرحمہ نے سنن ترمذی میں رفع یدین کے بارے میں۔۔۔ باب ذکر کیے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 8: حضرت مجاہد علیہ الرحمہ۔۔۔ سال حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں رہے۔

(الف) 10 (ب) 20 (ج) 25 (د) 30

سوال نمبر 9: ۔۔۔ سفر و حضر میں آقا کریم ﷺ کے ساتھ رہتے تھے۔

(الف) حضرت عبد اللہ بن عباس (ب) حضرت عبد اللہ بن مسعود (ج) حضرت عبد اللہ بن عمر (د) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 10: جمع الجوامع۔۔۔ کی کتاب ہے۔

(الف) امام شافعی (ب) امام مالک (ج) امام سیوطی (د) امام زہری علیہم الرحمۃ

سوال نمبر 11: امام احمد بن حنبل علیہ الرحمہ نماز میں۔۔۔ ہاتھ باندھنے کے قائل تھے۔

(الف) سینہ پر (ب) ناف کے اوپر (ج) ناف کے نیچے (د) سینہ کے نیچے

سوال نمبر 12: ۔۔۔ کی تخریج کے مطابق طرفین کے نزدیک تعدیل ارکان سنت ہے۔

(الف) امام کرخی (ب) امام جرجانی (ج) امام مالک (د) امام شافعی علیہم الرحمۃ

سوال نمبر13: سجدہ کی حقیقت ہے۔

(الف) پیشانی زمین پر رکھنا (ب) ناک زمین پر رکھنا (ج) جھکنا (د) یہ تمام

سوال نمبر14: امام شافعی کے نزدیک آخری قعدہ میں۔۔۔ہے۔

(الف) افتراش (ب) تورک (ج) الف اور ب دونوں (د) جس طرح آسانی ہو

سوال نمبر15: دونوں قعدوں میں افتراش کی حالت میں بیٹھنا۔۔۔کا مذہب ہے۔

(الف) امام اعظم (ب) امام مالک (ج) امام شافعی (د) امام محمد علیہم الرحمۃ

سوال نمبر16: امام شافعی علیہ الرحمہ کے نزدیک قعدہ اخیرہ میں تسلیم (سلام کرنا)۔۔۔ہے۔

(الف) سنت (ب) فرض (ج) واجب (د) مباح

سوال نمبر17: امام شافعی علیہ الرحمہ کے نزدیک قعدہ اخیرہ میں آقا کریم ﷺ پر درود پڑھنا۔۔۔ہے۔

(الف) فرض (ب) سنت (ج) واجب (د) مستحسن

سوال نمبر18: حدیثِ۔۔۔کی وجہ سے عند الاحناف قعدہ اخیرہ میں درود پاک پڑھنا سنت ہے۔

(الف) ابن عباس (ب) ابن مسعود (ج) ابن عمر (د) ابن رواحہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر19: زندگی میں آقا کریم ﷺ پر ایک مرتبہ درود پڑھنا۔۔۔ہے۔

(الف) فرض (ب) مستحب (ج) واجب (د) جائز

سوال نمبر20: امام اعظم علیہ الرحمہ کے نزدیک امام کے لیے۔۔۔مرتبہ سکتہ مستحب ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 1

سوال نمبر21: فجر کی سنتوں کے بعد امام شافعی علیہ الرحمہ کے نزدیک اضطجاع۔۔۔ہے۔

(الف) سنت (ب) فرض (ج) مکروہ (د) حرام

سوال نمبر22: امام احمد علیہ الرحمہ کے نزدیک نماز میں سورۃ فاتحہ پڑھنا۔۔۔ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

سوال نمبر23: حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق آقا کریم ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نماز کا افتتاح۔۔۔سے کرتے تھے۔

(الف) تعوذ (ب) تسمیہ (ج) الحمد (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر24: امام اعظم علیہ الرحمہ کے فرمان کے مطابق قراءت کی چابی ہے۔

(الف) تعوذ (ب) تسمیہ (ج) الحمد للہ (د) الف اور ج دونوں

سوال نمبر25: امام ترمذی علیہ الرحمہ نے بسم اللہ کے جہری اور سری ہونے کے بارے میں۔۔۔باب باندھے ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ______________ | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل | KANZUL MADARIS BOARD |
| جوابی کاپی نمبر: ______________ | درجہ: **عالیہ سال دوم**    پرچہ: **تیسرا**    مضمون: **العقیدۃ**<br>تاریخ: **04-02-2025**    دن: **منگل**    کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ**    کل نمبر: **75** | |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "یتکلم لا ککلامنا" کی غرض وغایت واضح کیجئے۔

سوال نمبر 2: کیا جنت اور دوزخ تخلیق ہو چکی ہیں؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 3: "یعلم لا کعلمنا" کی غرض مصنف کے بیان کے مطابق تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تذکرہ کیسے کرنا چاہیے؟

سوال نمبر 5: اعمال پر ریاکاری کے اثرات کیا ہیں؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 6: اللہ تعالیٰ کی صفت "رضا" کی کیفیت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: ایمان اور اسلام کے درمیان کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 8: حوض کوثر سے متعلق اہلسنت کا مؤقف کیا ہے؟

سوال نمبر 9: "ویسمع لا کسمعنا" کی غرض و مقصد بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: قیامت کے دن، دنیا میں جھگڑا کرنے والوں کے مابین قصاص کے حوالے سے اہلسنت کا مؤقف کیا ہے؟

سوال نمبر 11: ﴿أَم خُلِقُواْ مِن غَيرِ شَيءٍ أَم هُمُ الخَلِقُونَ﴾ اس آیت مبارکہ میں کس چیز کا بطلان ہے؟

سوال نمبر 12: بعث بعد الموت کی حکمت کی کوئی ایک وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 13: سورج اور ستاروں کے غروب ہونے سے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا استدلال کیا؟

سوال نمبر 14: النور المبین کے خاتمہ میں کس چیز کا بیان ہے؟

سوال نمبر 15: "افتقار عبودیت" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 16: اللہ تعالیٰ کی صفت "حیات" پر قرآنی دلیل لکھئے۔

سوال نمبر 17: نبی پاک ﷺ کے چاروں خلفا صحابہ کرام کی شان النور المبین کی روشنی میں مختصر بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے "الٰہ" نہ ہونے پر کوئی دلیل نقل کیجئے۔

سوال نمبر 19: عذاب قبر کے حق ہونے پر دلیل پیش کیجئے۔

سوال نمبر 20: میزان کے حق ہونے پر دلیل تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: عصمتِ انبیاء علیہم السلام پر جامع نوٹ الفقہ الاکبر کی روشنی میں سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر 2: آخرت میں رؤیت باری تعالیٰ کے ثبوت پر دلائل الفقہ الاکبر کی روشنی میں نقل کیجئے۔

سوال نمبر 3: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے خدا ہونے یا نہ ہونے کے متعلق نصاریٰ کے مختلف اقوال النور المبین کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: صراط، میزان اور حساب کے احوال النور المبین کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: موجودات کا خالق اللہ ہے، اس پر جامع نوٹ النور المبین کی روشنی میں سپرد قلم کیجئے۔

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عالیہ سال دوم** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **العقیدۃ**

تاریخ: **04-02-2025** | دن: **منگل** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مقتش: ____________

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: "علم" اللہ کی صفات۔۔۔ میں سے ہے۔

(الف) مخلوقیہ (ب) حادثیہ (ج) ازلیہ (د) ب اور ج

سوال نمبر 2: "ابداع" کا مفہوم ہے۔

(الف) بدعتی کہنا (ب) جدت پسندی (ج) عدم سے وجود میں لانا (د) ضرورت پوری ہونا

سوال نمبر 3: قرآن دلوں میں۔۔۔ ہے۔

(الف) منقوش (ب) محفوظ (ج) منقول (د) مقروء

سوال نمبر 4: اللہ تعالیٰ کا فعل۔۔۔ ہے۔

(الف) حادث (ب) مخلوق (ج) غیر مخلوق (د) ممکن

سوال نمبر 5: اللہ تعالیٰ۔۔۔ کے بغیر متکلم ہے۔

(الف) آلہ (ب) حروف (ج) زبان (د) الف اور ب

سوال نمبر 6: اللہ تعالیٰ کے کلام کو براہ راست۔۔۔ نے سنا۔

(الف) حضرت ابراہیم علیہ السلام (ب) حضرت نوح علیہ السلام (ج) حضرت موسیٰ علیہ السلام (د) حضرت عیسیٰ علیہ السلام

سوال نمبر 7: اللہ تعالیٰ کی صفت "ید" سے مراد ہے۔

(الف) بغیر کیفیت (ب) قدرت (ج) نعمت (د) کوئی نہیں

سوال نمبر 8: بندوں کے افعال پر کسب کی نوعیت۔۔۔ ہے۔

(الف) مجازی (ب) حقیقی (ج) استعارہ کے طور پر (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: اللہ تعالیٰ کی صفتِ مشیت کے اوصاف میں سے۔۔۔ ہے۔

(الف) ازلی (ب) کیفیت کے بغیر (ج) ابدی (د) مذکورہ تینوں

سوال نمبر 10: اللہ تعالیٰ کی صفتِ قدرت۔۔۔ ہے۔

(الف) مخلوق (ب) حادث (ج) ازلی (د) امکانی

سوال نمبر 11: اللہ تعالیٰ کی صفات کو حادث کہنے والا۔۔۔ ہے۔

(الف) بدعتی (ب) گمراہ (ج) کافر (د) مشرک

سوال نمبر 12: انسان کے منہ سے ادا ہونے والے قرآن کے الفاظ۔۔۔ ہیں۔

(الف) قدیم (ب) ازلی (ج) ابدی (د) مخلوق

سوال نمبر13: قاعدہ ثالثہ میں۔۔۔کا بیان ہے۔

(الف)اخبار ملائکہ (ب)الٰہیات (ج)دار آخرت (د)انبیاء اور صحابہ کرام

سوال نمبر14:"ماالدلیل علی أن الصنائع تفتقر إلی صانع ولا تصنع هي أنفسها"کا جواب۔۔۔وجوہ پر ہے۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر15: نصاریٰ کے رد میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے قرآن میں بیان کیا گیا ہے۔

(الف)وہ اللہ کا کلمہ ہیں (ب)وہ اللہ کے بندے اور رسول ہیں

(ج)وہ اللہ کے رسول ہیں (د)وہ فرشتہ ہیں

سوال نمبر16:﴿لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوٓا۟ إِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ﴾ یہ آیت۔۔۔کی نفی کرتی ہے۔

(الف)غیر خدا (ب)غیر رسول (ج)عقیدہ تثلیث (د)غیر ایمان

سوال نمبر17: کتاب النور المبین میں مقاصد کی تعداد ہے۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر18: قرآن پاک نے مشرکین سے۔۔۔کی تخلیق کی نفی کی۔

(الف)نملة (ب)ذبابا (ج)بقرة (د)العنکبوت

سوال نمبر19: اگر ہم دو معبود فرض کریں تو ان میں سے ہر ایک اپنی مخلوق کے اعتبار سے دوسرے سے۔۔۔ہو گا۔

(الف)منفرد (ب)مجتمع (ج)اعلیٰ (د)ادنیٰ

سوال نمبر20: ایک عقلمند زندہ شخص۔۔۔سے انسان کی تصویر بنانے پر قادر نہیں ہے۔

(الف)آگ (ب)پانی (ج)مٹی (د)ہوا

سوال نمبر21: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پرورش پانے میں۔۔۔کی نفی ہے۔

(الف)ابن اللہ (ب)ابن مریم (ج)بغیر باپ کے پیدا ہونے (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22: حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم کے بتوں کو توڑ کر ثابت کیا کہ۔۔۔

(الف)بت طاقتور ہیں (ب)بت خدا نہیں ہو سکتے (ج)بت عظیم ہیں (د)الف اور ج دونوں

سوال نمبر23: عیسائیوں کو نبی ﷺ نے۔۔۔کی دعوت دی۔

(الف)جنگ (ب)صلح (ج)جزیہ دینے (د)مباہلہ

سوال نمبر24: اللہ تعالیٰ کی صفات کامل اور عظیم ہیں، جبکہ ان صفاتِ کاملہ کی متضاد صفات۔۔۔ہیں۔

(الف)کمال پر مبنی (ب)نقص پر مبنی (ج)مساوی (د)اعلیٰ

سوال نمبر25: صحابہ و تابعین اور ائمہ مسلمین کا طریقہ۔۔۔کا تھا۔

(الف)تشبیہ (ب)تاویل (ج)تسلیم و رضا (د)انکار

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **عالیہ سال دوم** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **الفقہ**<br>تاریخ: **06-02-2025** دن: **جمعرات** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | رول نمبر: ______________<br>جوابی کاپی نمبر: ______________ |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: اگر کسی نے تکبیر تحریمہ میں "الله اکبر" کی بجائے "الله اجل" یا "الله اعظم" کہہ دیا تو اس بارے میں طرفین اور امام ابو یوسف کا اختلاف ذکر کیجیے۔

سوال نمبر 2: قیام میں ہاتھ باندھنے کی کیفیت کیا ہوگی؟ اختلاف ائمہ ذکر کیجیے۔

سوال نمبر 3: نماز میں کس طرح کی دعا کرنا منع ہے؟

سوال نمبر 4: قراءت خلف الامام میں احناف کی متدل حدیث بیان کیجیے۔

سوال نمبر 5: عورتوں کی جماعت میں حاضری سے متعلق اقوال ائمہ بیان کیجیے۔

سوال نمبر 6: لفظ تملیک سے نکاح کے منعقد ہونے میں کیا اختلاف ہے؟

سوال نمبر 7: حاملہ من الزنا سے نکاح کا کیا حکم ہے؟ احناف کے نزدیک بیان کیجیے۔

سوال نمبر 8: مہر کی مقدار میں احناف اور شوافع کا مؤقف تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 9: اگر زوجین میں سے کوئی ایک مرتد ہو جائے تو نکاح کا کیا حکم ہوگا؟ فقط اختلافِ ائمہ بیان کیجیے۔

سوال نمبر 10: مہر مثل میں کن عورتوں کے مہر کا اعتبار کیا جائے گا؟

سوال نمبر 11: "اعتدي" لفظ سے کون سی طلاق ہوگی؟

سوال نمبر 12: کیا نائم کی طلاق واقع ہوگی؟ وجہ بھی بیان کیجیے۔

سوال نمبر 13: کیا باکرہ بالغہ کو ولی نکاح پر مجبور کر سکتا ہے؟

سوال نمبر 14: حائضہ پر کون سے کاموں کی ممانعت ہے؟

سوال نمبر 15: مصلی کے لیے کن چیزوں کی تطہیر ضروری ہے؟

سوال نمبر 16: نجس زمین سے نجاست کا اثر جاتا رہا، تو اس پر نماز کا کیا حکم ہے؟ اختلاف ائمہ بیان کیجیے۔

سوال نمبر 17: ظہر کے انتہائی وقت میں ائمہ کا اختلاف بیان کیجیے۔

سوال نمبر 18: نماز عصر کا مستحب وقت مع الدلیل بیان کیجیے۔

سوال نمبر 19: لفظ وصیت سے نکاح ہوگا یا نہیں؟ وجہ کے ساتھ بیان کیجیے۔

سوال نمبر 20: جدات سے نکاح کی حرمت کی دلیل بیان کیجیے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: احناف اور شوافع کے نزدیک حیض کی اقل اور اکثر مدت کیا ہے؟ بالتفصیل ذکر کیجیے۔

سوال نمبر 2: نفاس کے لغوی و اصطلاحی معنی بیان کیجیے، نیز اس کی قلیل اور کثیر مدت کے بارے میں احناف اور شوافع کا مؤقف مع الدلائل تحریر کیجیے۔

سوال نمبر 3: "فرائض الصلاة ستة" نماز کے فرائض کو ہدایہ کی روشنی میں بیان کیجیے۔

سوال نمبر 4: "ومن مسته امرأة بشهوة حرمت عليه أمها وبنتها" مس بشہوت اور نظر بشہوت کے متعلق احناف و شوافع کا اختلاف مع الدلائل ذکر کیجیے۔

سوال نمبر 5: مکرہ، سکران اور اخرس کی طلاق کا حکم کیا ہے؟ اختلاف ائمہ بالتفصیل ذکر کیجیے۔

سالانہ امتحان2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: عالیہ سال دوم | پرچہ: چوتھا | مضمون: الفقہ

تاریخ: 06-02-2025 | دن: جمعرات | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: ____________

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: ____________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر1: طہارت کے باب میں کون سی آیت قرآنی دلیل ہے؟

(الف)﴿يَأَيُّهَاالَّذِينَ اٰمَنُوٓاإِذَاقُمتُم إِلَى الصَّلٰوةِفَاغسِلُواْوُجُوهَكُم﴾ (ب)﴿خُذُوازِينَتَكُمْ عِنْدَكُلِّ مَسْجِدٍ﴾

(ج)﴿وَاذكُرُواْنِعمَةَ اللهِ عَلَيكُم وَمِيثٰقَه﴾ (د)﴿فَاقْرَءُواماتَيَسَّرَمِنَ الْقُرْآنِ﴾

سوال نمبر2: "غسل" کا معنی ہے۔

(الف)إصابة (ب)إسالة (ج)بلل (د)إطالة

سوال نمبر3: امام شافعی کے نزدیک سر کے مسح کی فرض مقدار ہے۔

(الف)مقدار ناصیہ (ب)ہاتھ کی تین انگلیوں کی مقدار (ج)تمام سر (د)تین بال

سوال نمبر4: ﴿فَاغْسِلُواْ وُجُوهَكُمْ﴾ میں "فاء" امام شافعی کے نزدیک۔۔۔کے لیے ہے۔

(الف)ترتیب (ب)تشبیہ (ج)تشریح (د)تعقیب

سوال نمبر5: جمعہ کے غسل کے بارے میں امام مالک کا مؤقف ہے۔

(الف)فرض (ب)واجب (ج)سنت (د)مستحب

سوال نمبر6: پانی میں مچھر، مکھی اور بچھو مر گئے تو پانی۔۔۔

(الف)نجس ہو جائے گا (ب)نجس نہیں ہو گا (ج)مکروہ ہو گا (د)مشکوک ہو گا

سوال نمبر7: حدیث کے مطابق۔۔۔کے لوگوں کے لیے اونٹ کا پیشاب شفاء کا باعث تھا۔

(الف)قبیلہ اوس (ب)قبیلہ خزرج (ج)قبیلہ بنو باہلہ (د)قبیلہ عرینہ

سوال نمبر8: طہر کی زیادہ سے زیادہ مدت ہے۔

(الف)40دن (ب)ایک ماہ (ج)15دن (د)مقرر نہیں

سوال نمبر9: صاحب(ہدایہ) کے نزدیک نماز کے فرائض ہیں۔

(الف)5 (ب)6 (ج)7 (د)8

سوال نمبر10: حضور(ﷺ) نے۔۔۔کو تشہد سکھائی۔

(الف)حضرت عبد اللہ ابن عباس (ب)حضرت عبد اللہ بن زبیر (ج)حضرت عبد اللہ بن رواحہ (د)حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنھم

سوال نمبر11: حضرت عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے قول کے مطابق امام۔۔۔چیزوں کو آہستہ کہے گا۔

(الف)3 (ب)4 (ج)5 (د)6

سوال نمبر12: حضور ﷺ کا فرمان ہے: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں۔۔۔ہڈیوں پر سجدہ کروں۔

(الف)4 (ب)5 (ج)6 (د)7

سوال نمبر13: قومہ اور جلسہ ۔۔۔کے نزدیک فرض ہے۔

(الف)امام اعظم (ب)امام ابو یوسف (ج)امام محمد (د)امام زفر علیہم الرحمہ

سوال نمبر14: امام شافعی کے نزدیک ہر نماز میں تعجیل ۔۔۔ہے۔

(الف)مستحب (ب)مباح (ج)سنت (د)مکروہ

سوال نمبر15: تیمم میں نیت ۔۔۔ہے۔

(الف)واجب (ب)فرض (ج)سنت (د)مستحب

سوال نمبر16: موزوں پر مسح کی مدت کی ابتداء ہے۔

(الف)حدث سے پہلے (ب)حدث کے بعد (ج)وضو کے بعد (د)موزہ پہننے کے بعد

سوال نمبر17: احناف کے نزدیک مسح کے بیان میں کتاب اللہ۔۔۔ہے۔

(الف)مطلق (ب)مفسر (ج)محکم (د)مجمل

سوال نمبر18: ہدایہ کے مطابق وضو کی ابتداء میں بسم اللہ کہنا اصح قول کے مطابق ہے۔

(الف)فرض (ب)سنت (ج)مستحب (د)واجب

سوال نمبر19: کانوں کے مسح کے لیے جدید پانی کا ہونا۔۔۔کے نزدیک ہے۔

(الف)امام اعظم (ب)امام شافعی (ج)امام مالک (د)امام احمد علیہم الرحمہ

سوال نمبر20: ۔۔۔دھونا انبیاء کا وضو ہے۔

(الف)ایک بار (ب)دو بار (ج)تین بار (د)چار بار

سوال نمبر21: قلیل قے سے وضو کا ٹوٹنا۔۔۔کے نزدیک ہے۔

(الف)امام اعظم (ب)امام محمد (ج)امام زفر (د)امام ابو یوسف علیہم الرحمہ

سوال نمبر22: متعدد قے میں اتحاد سبب کا اعتبار کرنا،۔۔۔کے نزدیک ہے۔

(الف)امام ابو یوسف (ب)امام محمد (ج)امام اعظم (د)امام زفر علیہم الرحمہ

سوال نمبر23: پانی میں مچھلی کا مرنا۔۔۔کے نزدیک فساد ماء کا سبب ہے۔

(الف)احناف (ب)شوافع (ج)مالکیہ (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: مستعمل پانی۔۔۔کے نزدیک مطلقاً قابل طہارت نہیں۔

(الف)امام مالک (ب)امام اعظم (ج)امام ابو یوسف (د)امام احمد علیہم الرحمہ

سوال نمبر25: کون سا جانور نجس العین ہے؟

(الف)کتا (ب)بلی (ج)چوہا (د)خنزیر

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: **عالیہ سال دوم** | پرچہ: **پانچواں** | مضمون: **التصوف**

تاریخ: **08-02-2025** | دن: ہفتہ | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: منہاج العابدین کی روشنی میں علم کی فضیلت پر کوئی سی تین احادیث بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: گناہ کی کتنی اور کون سی قسمیں ہیں؟

سوال نمبر 3: دنیا وآخرت کو جمع کرنے کی مثال کس کے ذریعے دی گئی؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: غیر اختیاری زہد کیا ہے؟

سوال نمبر 5: شیوخ کے قول میں تقوی کیا ہے؟

سوال نمبر 6: "والتقوى في القرآن على ثلاثة أشياء" تقوی کے تینوں معانی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: حضرت ابو اسحاق اسفرائینی نے رزق کے معاملے میں قناعت کیسے اختیار کی؟

سوال نمبر 8: چار چیزوں کو بیان کیجئے جن پر صبر کیا جاتا ہے۔

سوال نمبر 9: کم کھانے اور کم پینے کے حوالے سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا قول نقل کیجئے۔

سوال نمبر 10: بے صبری کے بہت زیادہ بڑھ جانے سے بندے کو کون سی دو مصیبتیں پہنچتی ہیں؟

سوال نمبر 11: قوت کھانا کھانے سے ہی نہیں بلکہ بغیر اسباب کے بھی اللہ تعالی قوت عطا فرماتا ہے۔ جناب ابراہیم ابن ادہم کا واقعہ ذکر کیجئے۔

سوال نمبر 12: "إن الغموم ثلاثة" کی وضاحت کیجئے کہ تین غم کون سے ہیں؟

سوال نمبر 13: سختی اور تنگدستی کے وقت سورۃ واقعہ پڑھنے کی کیا دلیل ہے؟

سوال نمبر 14: علامہ عبد الرزاق قاشانی نے قطب کی اصطلاحی تعریف کیا لکھی ہے؟

سوال نمبر 15: اوتاد اربعہ کے لیے کون سے ارکان ہیں؟ ان ارکان میں سے کوئی سے تین نقل کیجئے۔

سوال نمبر 16: کیا عورت ابدال بن سکتی ہے؟ حدیث سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: ابدال نے رتبہ ابدال کو کیسے پایا؟

سوال نمبر 18: قطب کی ہر زمانے میں مخلوق پر کیا فضیلت ہے اور قطب کے جسم اور قلب کی کیا نظیر ہے؟

سوال نمبر 19: بعض اولیاء کے افعال ظاہر کرنے اور بعض کے ظاہر نہ کرنے میں کیا حکمت ہے؟

سوال نمبر 20: کرامت کی تعریف کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: حضرت سیدنا ابو بکر بن فورک گوشہ نشینی اختیار کرنے کے باوجود لوگوں میں واپس کیوں لوٹ آئے؟ حکایت بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: اصلاح قلب سے متعلق کتنے اور کون کون سے اصول منہاج العابدین میں بیان ہوئے ہیں؟

سوال نمبر 3: اخلاص کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟ اس پر تفصیلی نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: ابدال کے لغوی واصطلاحی معنی اور ان کی تعداد بیان کیجئے نیز امام غزالی علیہ الرحمۃ نے ان کے کیا اوصاف بیان کیے ہیں؟

سوال نمبر 5: زمین کتنے لوگوں سے کبھی خالی نہیں ہوتی؟ احادیث طیبہ کی روشنی میں واضح کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: ____________

درجہ: عالیہ سال دوم | پرچہ: پانچواں | مضمون: التصوف

تاریخ: 08-02-2025 | دن: ہفتہ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: ____________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25=25x1)**

سوال نمبر 1: ﴿وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنسَ﴾ یہ آیت۔۔۔ پر دلیل ہے۔

(الف) شرف علم (ب) شرف عبادت (ج) شرف انسانیت (د) شرف جنات

سوال نمبر 2: جملہ علوم کہ جن کا طلب کرنا فرض ہے وہ۔۔۔ ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 3: حضور (ﷺ) کے فرمان کے مطابق عالم کی طرف نظر کرنا۔۔۔ کے روزوں و قیام سے بہتر ہے۔

(الف) 40 سال (ب) 1 سال (ج) 10 سال (د) 2 سال

سوال نمبر 4: توبہ کی شرائط و ارکان۔۔۔ ہیں۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 5: نفس۔۔۔ دشمن ہے۔

(الف) سازشی (ب) اندرونی (ج) باطنی (د) ظاہری

سوال نمبر 6: بے شک اللہ تعالیٰ نے انسان کے دل پر ایک فرشتہ مقرر کیا ہے جو اسے نیکی کی طرف بلاتا ہے اسے۔۔۔ کہا جاتا ہے۔

(الف) ملہم (ب) وسواس (ج) قرین (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: امام غزالی علیہ الرحمہ نے مدارس کو۔۔۔ سے تشبیہ دی ہے۔

(الف) میدان جنگ (ب) قلعے (ج) باڑر (د) سب

سوال نمبر 8: سب سے پہلے نافرمانی شیطان نے کی جس کی وجہ۔۔۔ تھی۔

(الف) نفسانی خواہش (ب) حسد (ج) لالچ (د) کم علمی

سوال نمبر 9: تقویٰ اختیار کرنے والے کے لیے امام غزالی علیہ الرحمہ نے۔۔۔ خصلتوں کا ذکر کیا۔

(الف) 10 (ب) 12 (ج) 15 (د) 8

سوال نمبر 10: اگر تیرا خیال شریعت کے مخالف ہو تو تیرا خیال کہلاتا۔۔۔ ہے۔

(الف) خطرہ نفسانی (ب) خطرہ شر (ج) خطرہ شرعی (د) الہام

سوال نمبر 11: ۔۔۔ وہ بزرگ ہیں جو دن رات میں ایک ہزار نوافل ادا کرتے تھے۔

(الف) امام اعظم ابو حنیفہ (ب) عامر بن قیس (ج) امام غزالی (د) امام ابو ابراہیم نخعی علیہم الرحمۃ

سوال نمبر 12: لفظ تقویٰ کا اطلاق قرآن پاک میں۔۔۔ چیزوں پر کیا گیا ہے۔

(الف) 3 (ب) 8 (ج) 2 (د) 4

سوال نمبر13: امام غزالی کے نزدیک۔۔۔اعضاء ہیں تقوی کے حصول کے لئے جن کی انتہائی نگہداشت کی جائے۔

(الف)3 (ب)4 (ج)5 (د)6

سوال نمبر14: منہاج العابدین میں خواطر کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف)6 (ب)5 (ج)4 (د)3

سوال نمبر15: "الرین" کالغوی معنی ہے۔

(الف)دل کی سختی (ب)زنگ (ج)سزا (د)اہانت

سوال نمبر16: "قطب" کے اصطلاحی معنی ہیں۔

(الف)کسی مقام پر رہنے والا ولی (ب)اہلِ زمانہ کا سید اور خلیفہ باطن

(ج)ظاہری خلافت حاصل کرنے والا ولی (د)تمام اولیاء کے سردار

سوال نمبر17: "قطب الاقطاب" کالقب۔۔۔کے لیے مخصوص ہے۔

(الف)حضرت علی رضی اللہ عنہ (ب)روحِ مصطفوی ﷺ (ج)اویس قرنی علیہ الرحمۃ (د)حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ

سوال نمبر18: ابدال کی تعداد۔۔۔ہوتی ہے۔

(الف)10 (ب)40 (ج)70 (د)300

سوال نمبر19: نقباء۔۔۔ہیں۔

(الف)عالم غیب پر نظر رکھنے والے (ب)برجوں کی خاصیت کے ماہر

(ج)اہل شام کے رہنما (د)عراق میں مقیم

سوال نمبر20: "أوتاد" کے اصطلاحی معنی ہیں۔

(الف)دنیا کے لوگوں کی حفاظت کرنے والے (ب)مخلوق کو نصیحت کرنے والے

(ج)انبیاء کے دلوں پر فائز (د)روزے رکھنے والے

سوال نمبر21 ابدال کی نمایاں صفت۔۔۔ہے۔

(الف)کثرتِ نماز و روزہ (ب)صدق الورع اور حسن نیت (ج)کثرتِ ذکر (د)دنیا سے بے رغبتی

سوال نمبر22: "أوتاد" جمع ہے۔

(الف)وتدۃ (ب)وتد (ج)وتیدۃ (د)واتدۃ

سوال نمبر23: نقباء کی تعداد۔۔۔ہوتی ہے۔

(الف)12 (ب)70 (ج)40 (د)300

سوال نمبر24:۔۔۔کامسکن ہونے کی وجہ سے اہل شام کو برا بھلا کہنے سے منع کیا گیا ہے۔

(الف)اقطاب (ب)نجباء (ج)ابدال (د)یہ تمام

سوال نمبر25: قطب الاقطاب کے مقام کا تعلق۔۔۔سے ہے۔

(الف)عالم الغیب (ب)عالم الشہادۃ (ج)عالم الامثال (د)الف اور ب دونوں

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: _______________ | **سالانہ امتحان2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل | KANZUL MADARIS BOARD |
| جوابی کاپی نمبر: _____________ | درجہ: **عالیہ سال دوم** پرچہ: **چھٹا** مضمون: **الدعوۃ والإرشاد**<br>تاریخ: **10-02-2025** دن: **پیر** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1:"علم الدعوۃ"کی تعریف سپرد قلم کیجئے۔

سوال نمبر2:"الدَّعْوَۃ "کا مفہوم بیان کیجئے۔

سوال نمبر3:اسلوب تحریر کی تشکیل کا طریقہ بتائیے۔

سوال نمبر4:اشاعتِ قرآن کے لیے مبلغ کے لیے راہ نما اصولوں میں سے 3 ذکر کیجئے۔

سوال نمبر5:جمع قرآن کے ادوار بیان کیجئے اور بتائیں جامع قرآن کس صحابی کا لقب ہے اور کیوں؟

سوال نمبر6:اصلاحی بیان کسے کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر7:حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ سب سے پہلے مجدد ہیں۔ان کی تجدید دین کی تین خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر8:موضوع کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر9: معلمین قرآن کی تنخواہ کا سلسلہ کس کے عہد میں ہوا اور کیوں ہوا؟

سوال نمبر10:کس جنگ میں سب سے زیادہ حفاظ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم شہید ہوئے؟

سوال نمبر11:خطبۃ الوداع کی روشنی میں امت محمدیہ کی تین ذمہ داریاں بیان کیجئے۔

سوال نمبر12:حفظ شدہ بیان کرنے کے تین طریقے بیان کیجئے۔

سوال نمبر13:درس قرآن کے تین مقاصد بیان کیجئے۔

سوال نمبر14:اسلام کا تصور عبدیت سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر15:امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے دور میں کن خرابیوں کو دور کیا؟

سوال نمبر16:اصحاب صفہ کن کو کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر17:"بالواسطہ عبادت" کے مفہوم کو اصول الدعوۃ والإرشاد کتاب کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر18:ارتجالی بیان کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر19:متبعین کے اوصاف میں سے کوئی سے تین تحریر کیجئے۔

سوال نمبر20:"انسان حقائق لطیفہ کا مجموعہ ہے"اس عبارت کا مطلب واضح کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔(3x10=30)**

سوال نمبر1: علم الدعوۃ کا موضوع اور غرض وغایت تحریر کیجئے نیز علم الدعوۃ کے ارکان کو مد نظر رکھتے ہوئے ان پر تفصیلا گفتگو کیجئے۔

سوال نمبر2: اصحاب صفہ کی خدمات اور تعلیمات پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر3: امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کی تجدیدی خدمات پر نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر4: متبعین کی تعریف کیجئے اور ان کے اوصاف وتربیت پر نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر5: درس قرآن اور بیان میں کیا فرق ہے؟ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط اُمیدوار: ___________

**سالانہ امتحان2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

KANZUL MADARIS BOARD

درجہ: **عالیہ سال دوم** | پرچہ: **چھٹا** | مضمون: **الدعوۃ والإرشاد**

تاریخ: **10-02-2025** | دن: **پیر** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: __________

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25x1=25)**

سوال نمبر1: دعوت دین میں موافقین کے مزاج کو۔۔۔قسموں میں بیان کیا گیا ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 8

سوال نمبر2: دینِ اسلام کا نظامِ عقائد بنیادی طور پر۔۔۔چیزوں پر مشتمل ہے۔

(الف)4 (ب)5 (ج)3 (د)2

سوال نمبر3: "انفرادی واجتماعی زندگی کو اسلامی نظام کے مطابق ڈھالنا اور دنیا و آخرت کی سعادتوں سے بہرہ مند ہونا" علم الدعوۃ کا/کی۔۔۔ہے۔

(الف)موضوع (ب)تعریف (ج)غرض وغایت (د)ارکان

سوال نمبر4: ۔۔۔چمکتے سورج کو سلام کرنے کے قائل ہوتے ہیں۔

(الف) معاندین (ب) غافلین (ج) منتظرین (د) یہ تمام

سوال نمبر5: آپ ﷺ کی ابتدائی تین سال کی تبلیغ سے۔۔۔مرد و عورت دامن اسلام سے وابستہ ہوئے۔

(الف)40 (ب)30 (ج)15 (د)20

سوال نمبر6: حضرت نوح علیہ السلام نے۔۔۔سال کی عمر میں اعلان نبوت فرمایا۔

(الف)29 (ب)30 (ج)40 (د)35

سوال نمبر7: نیکی کی دعوت کے اہداف میں سے۔۔۔ہے۔

(الف)دلوں کی اصلاح (ب)معرفتِ خداوندی (ج)بیانِ حق (د)یہ تمام

سوال نمبر8: داعی و مبلغ کے اوصاف میں سے۔۔۔ہے۔

(الف)ذہانت (ب)حاضر جوابی (ج)اسلوب دعوت سے واقفیت (د)یہ تمام

سوال نمبر9: دعوتِ نوح کی اساس۔۔۔چیزوں پر ہے۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر10: نبی پاک ﷺ کے وصال ظاہری کے بعد نیکی کی دعوت کی ذمہ داری۔۔۔پر ہے۔

(الف)صرف صحابہ (ب)اولیاء (ج)علماء وصوفیاء (د)ان تمام

سوال نمبر11: کسی بھی مذہب کے بنیادی عناصر۔۔۔ہوتے ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر12: خفیہ دعوت حق کے سنہری دور کو کہا جاتا ہے۔

(الف)مرحلہ عثمانیہ (ب)مرحلہ ارقمیہ (ج)مرحلہ عمریہ (د)کوئی نہیں

سوال نمبر13:"د،ع،و"کامادہ۔۔۔ہے۔

(الف)قلیل المفہوم (ب)اوسط المفہوم (ج)وسیع المفہوم (د)ترتیب المفہوم

سوال نمبر14:"علم الدعوۃ"کاتیسرارکن۔۔۔ہے۔

(الف)داعی و مبلغ (ب)مدعو (ج)مدعوالیہ (د)ان کے علاوہ کوئی اور

سوال نمبر15:وہ سلیم الفطرت اور سمجھدار لوگ جو دنیاکے ظاہر سے متاثر نہیں ہوتے وہ۔۔۔کہلاتے ہیں۔

(الف)سابقین (ب)موافقین (ج)مخالفین (د)یہ تمام

سوال نمبر16: نماز کی فرضیت۔۔۔مراحل پر مشتمل ہے۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر17:۔۔۔بے جاملامت کرنے والوں کی پرواہ نہیں کرتے۔

(الف)متبعین (ب)سابقین (ج)ضعفا (د)یہ تمام

سوال نمبر18: دعوت نوح علیہ السلام کااسلوب۔۔۔چیزوں پر مشتمل ہے۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)8

سوال نمبر19:مدعوکی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف)3 (ب)4 (ج)2 (د)6

سوال نمبر20:وہ لوگ جو قوت فیصلہ کی کمی کی وجہ سے مبلغ کاساتھ دینے میں ہچکچاہٹ کاشکار ہوتے ہیں۔۔۔کہلاتے ہیں۔

(الف)متبعین (ب)موافقین (ج)مخالفین (د)یہ تمام

سوال نمبر21: تدریج کامعنی ہے۔

(الف)آگے بڑھنا (ب)مرحلہ وار (ج)مرحلہ وار آگے بڑھنا (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر22:" نیکی کی دعوت کے اہداف"۔۔۔ہیں۔

(الف)2 (ب)3 (ج)4 (د)5

سوال نمبر23:نظامِ عقائد،نظامِ عبادت اور نظامِ اخلاق۔۔۔کی بنیادیں ہیں۔

(الف)مذہب (ب)فرقہ (ج)فلسفہ (د)ان تمام

سوال نمبر24:"معاندین"۔۔۔کو کہاجاتاہے۔

(الف)مخالفین (ب)پیروکار (ج)موافقین (د)متبعین

سوال نمبر25:خفیہ دعوت آپ ﷺ نے۔۔۔کے گھر منتقل کی۔

(الف)حضرت ابو بکر (ب)حضرت عمر (ج)حضرت ارقم بن ابی ارقم (د)حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ______________ | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **عالیہ سال دوم** پرچہ: **ساتواں** مضمون: **المناظرۃ**<br>تاریخ: **11-02-2025** دن: **منگل** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | KANZUL MADARIS BOARD |
| جوابی کاپی نمبر: ______________ | | |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "الحمد" پر الف لام کے عہد کے لئے ہونے پر حضور نبی کریم ﷺ کا کون سا ارشاد دلیل ہے؟

سوال نمبر 2: احباب سے کون مراد ہیں؟

سوال نمبر 3: "(أما المقدمة ففي التعريفات) أي: أما المفهوم الكلي الذي هو مقدمة مذكورة في هذه الرسالة فهي منحصرة في التعريفات وما يتعلق بها" عبارت کا مفہوم واضح کیجئے۔

سوال نمبر 4: تصحیح نقل کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 5: دلیل سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 6: عبارت "لا اسمَ لمفهومِ الواجبِ بالذات كما قيل" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 7: "والمراد بالعلة العلة التامة بقرينة التبيين باعتبار أن المقصود الأصلي من التبيين العلم بالمطلوب وذا لا يحصل بغير العلة التامة" عبارت کا مفہوم واضح کیجئے۔

سوال نمبر 8: ماتن نے مناظرہ کی کیا تعریف کی ہے؟

سوال نمبر 9: نقل کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 10: نقض کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: اشیاء کے حقائق کی معرفت کیسے حاصل کی جاتی ہے؟ مع مثال بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: "واعلم أن إطلاق المنوع هناك بطريق الاستعارة" اس عبارت میں "المنوع" سے کیا کیا مراد ہو سکتا ہے؟

سوال نمبر 13: "مقاطع" کسے کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 14: (بحثِ ثانی) میں لفظ "استصعب" کی ضمیر کا مرجع کن احتمالات پر مبنی ہے؟

سوال نمبر 15: بحث کے اجزاء کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 16: مدلول کی نفی کب مکابرہ اور کب غصب کہلائے گی؟

سوال نمبر 17: تعریف حقیقی کو بیان کیجئے۔

سوال نمبر 18: "(ومن) جملة (الواجب التكلم في كل كلام بما هو وظيفته) كالكلام في علم الكلام فإنه يجب أن يتكلم فيه باليقينيات المفيدة للاعتقاد" عبارت کا مفہوم واضح کیجئے۔

سوال نمبر 19: مؤاخذہ کیسے کیا جاتا ہے؟

سوال نمبر 20: "نقض الحصر بقدح الدليل إما لعدم استلزامه للدعوى أو لاحتياجه إلى مقدمة أو لاستدراكها" عبارت کا مفہوم واضح کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: بحث رابع کا خلاصہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 2: "مناظرہ" کس سے ماخوذ ہے؟ شارح نے اس کی کیا توضیح فرمائی ہے؟ تفصیل سے بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: معارضہ بالقلب جو "مغالطات العامة الواردة" میں پایا جاتا ہے، اس کی شارح نے کیا مثال پیش کی ہے؟ وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: "غصب" کی شارح نے کیا مثال پیش کی ہے؟ اس کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 5: "لا يحسن إيراد النقض والمعارضة إذا كان المستدل مشككا مغالطا) يكون غرضه التشكيك (لأنه لا يدّعي حقيقة مقاله وإنما ينتفي بهما تلك (بل غرضه) من إيراد الدليل (إيقاع الشك) في ذهن المخاطب (وهو) أي: إيقاع الشك (باق) بعد النقض والمعارضة فلا ينفعان وما لا ينفع لا يحسن ذكره (دون المناقضة) فإنه يحسن إيرادها إذ الغرض منها ظهور تلك المقدمة" عبارت کا مفہوم واضح کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل<br>درجہ: **عالیہ سال دوم** پرچہ: **ساتواں** مضمون: **المناظرۃ**<br>تاریخ: **11-02-2025** دن: **منگل** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**<br>امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: ____________ | رول نمبر: ____________<br><br>دستخط اُمیدوار: ____________ |

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

<u>نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔</u> (25x1=25)

سوال نمبر1: "الحمد للہ" اصل میں تھا۔

(الف) جملہ فعلیہ (ب) جملہ اسمیہ (ج) فعل امر (د) فعل مضارع

سوال نمبر2: "التفحّص" کا معنی ہے۔

(الف) عمدہ (ب) اعلیٰ (ج) پرکھنا (د) ملنا

سوال نمبر3 : مناظرہ کی تعریف میں متخاصمین علت۔۔۔کے زمرے میں آتے ہیں۔

(الف) فاعلی (ب) مادی (ج) صوری (د) غائی

سوال نمبر4: "مکابرۃ" ہوتا ہے۔

(الف) اظہارِ صواب (ب) الزامِ خصم (ج) منازعہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر5 : ملازمہ کی تعریف میں "مقتضی" (اسم فاعل) کو کہتے ہیں۔

(الف) لازم (ب) ملزوم (ج) کامل (د) غیر کامل

سوال نمبر6: "دعوی" کا ایک اور نام ہے۔

(الف) نتیجہ (ب) حکم (ج) علم (د) مقابلہ

سوال نمبر7: بحث کے۔۔۔اصطلاحی معنی ہیں۔

(الف) 3 (ب) 2 (ج) 4 (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر8: لفظ "سید" اور "سند" میں کیا چیز مشترک ہے؟

(الف) صنعتِ تجنیس (ب) تقابل (ج) ذو معنی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر9: مناظرہ کی تعریف میں اظہارِ صواب علت۔۔۔کے زمرے میں آتا ہے۔

(الف) فاعلی (ب) مادی (ج) صوری (د) غائی

سوال نمبر10 : امام اعظم رضی اللہ عنہ کے نزدیک وضو میں نیت۔۔۔نہیں ہے۔

(الف) فرض (ب) سنت (ج) مستحب (د) مباح

سوال نمبر11: مناظرہ کی تعریف میں لفظ "جانبین"۔۔۔سے اعم ہے۔

(الف) کاملین (ب) عاملین (ج) متخاصمین (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر12: "الدعوی مایشتمل علی الحکم" میں "ما" سے مراد ہے۔

(الف) دعویٰ (ب) حکم (ج) قضیہ (د) مراد

سوال نمبر13: محقق طوسی کے نزدیک "تعریفِ لفظی"۔۔۔پر مناسب ہوتی ہے۔

(الف)اصطلاحی طور (ب)لغوی طور (ج)مجازی طور (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر14: دلیل۔۔۔سے مرکب ہوتی ہے۔

(الف)تین جملوں (ب)دو قضیوں (ج)چار جملوں (د)چار قضیوں

سوال نمبر15:"والعلة مايحتاج اليه الشئ فی ماهيته"میں علت اعم ہے اس سے کہ وہ قریبہ ہو یا۔۔۔ہو۔

(الف)غربیہ (ب)بعیدہ (ج)نظیریہ (د)مثلیہ

سوال نمبر16:"الذي لا مانع لحكمه"میں منع کا۔۔۔معنی مراد لیا جائے گا۔

(الف)لغوی (ب)تضادی (ج)تضمینی (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر17:"اَللّٰهُمَّ صل علی محمد" کا مصنف نے کیا معنی بیان کیا ہے؟

(الف)اللہ پاک دنیا میں محمد ﷺ کو عظمت عطا کرے (ب)اللہ پاک دنیا میں محمد ﷺ کی شریعت کو باقی رکھے

(ج)اللہ پاک آخرت میں محمد ﷺ کو شفیع بنائے (د)یہ تمام

سوال نمبر18:"خصم "اصطلاح مناظرہ میں۔۔۔کو کہتے ہیں۔

(الف)جھگڑے (ب)فساد (ج)مدمقابل (د)دشمن

سوال نمبر19:رشیدیہ۔۔۔ابحاث پر مشتمل ہے۔

(الف)7 (ب)5 (ج)9 (د)8

سوال نمبر20:دعوی چونکہ کبھی کلی ہوتا ہے اسی مناسبت سے اسے۔۔۔بھی کہا جاتا ہے۔

(الف)قانون (ب)قاعدہ (ج)مسئلہ (د)الف اور ب دونوں

سوال نمبر21:"مایمكن التوصل بصحيح النظرفي أحواله إلى مطلوب خبري"۔۔۔کے نزدیک یہ دلیل کی تعریف ہے۔

(الف)اصولیین (ب)حکماء (ج)فلسفیوں (د)مناظرین

سوال نمبر22:"علت بالمعنى الاعم"واجب نہیں کرتی۔

(الف)علت (ب)تعلیل (ج)معلول کا علم (د)تصور کا علم

سوال نمبر23:۔۔۔کے نزدیک "عالم حادث ہے" کی دلیل "عالَم" ہے۔

(الف)اصولیین (ب)حکما (ج)فلاسفہ (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: جسے منع کی تقویت کے لیے ذکر کیا جائے وہ۔۔۔کہلاتی/کہلاتا ہے۔

(الف)مانع (ب)دلیل (ج)مستند (د)تقویت

سوال نمبر25:"الحمد " میں الف لام۔۔۔کا احتمال رکھتا ہے۔

(الف)جنس (ب)استغراق (ج)عہد ذہنی (د)یہ تمام

**سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ**

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

رول نمبر: ________________

جوابی کاپی نمبر: ______________

درجہ: **عالیہ سال دوم** | پرچہ: **آٹھواں** | مضمون: **الفلسفة**

تاریخ: **12-02-2025** | دن: **بدھ** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر1: حرکت کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر2: "جزء لا یتجزی" کے بطلان پر فلاسفہ کی ایک دلیل پیش کیجئے۔

سوال نمبر3: صورتِ جسمیہ کا ہیولیٰ کے بغیر غیر متناہی طور پر موجود ہونا کیوں باطل ہے؟

سوال نمبر4: سطحِ باطن سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر5: صورتِ نوعیہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر6: حرکتِ قسریہ سے کیا مفہوم اخذ کیا جاتا ہے؟

سوال نمبر7: ہیولیٰ اور صورت کے علت و معلول نہ ہونے سے کیا وہم پیدا ہوتا ہے؟

سوال نمبر8: خطِ جوہری اور سطحِ جوہری سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر9: مکان کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر10: "ہیئتِ قارّہ" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر11: اجزاء کے متداخل ہونے سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر12: "لأنها لووجدت بذاتها بدون حلولها الهيولى فإما أن تكون متناهية أو غير متناهية" یہ کس دعوے کی دلیل ہے؟

سوال نمبر13: "شکل" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر14: شکلِ طبعی کس کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر15: "صورت جسمیہ" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر16: اجزاء کے تلاقیِ طرفین سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر17: ہیولیٰ کے صورت کے لیے علت نہ ہونے کی کیا دلیل ہے؟

سوال نمبر18: کیا ایک جسم کے لیے دو حیز طبعی ہو سکتے ہیں؟

سوال نمبر19: قابل اور مقبول سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر20: جسم کن دو اجزاء سے مرکب ہوتا ہے؟ تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر1: "بعض اجسام قابلِ للانفکاک ہوتے ہیں" فصل دوم کی روشنی میں اس کی تفصیلی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر2: ہیولیٰ کے وجود کے اثبات پر وہ دلیل وضاحت کے ساتھ پیش کیجئے جو فلاسفہ نے بیان کی ہے۔

سوال نمبر3: "كل جسم فله شكلٌ طبعيّ" اس دعوے کو فلاسفہ کس طرح ثابت کرتے ہیں؟ تفصیلاً بیان کیجئے۔

سوال نمبر4: "صورتِ جسمیہ ہیولیٰ سے خالی نہیں ہوتی" فلاسفہ کے اس نظریے کو ثابت کیجئے۔

سوال نمبر5: صورۃِ نوعیہ کے ثبوت پر فلاسفہ کی پیش کردہ دلیل تفصیلاً بیان کیجئے۔

رول نمبر: ______________

دستخط اُمیدوار: ____________

## سالانہ امتحان 2025ء/1446ھ

کنزالمدارس بورڈ انٹرنیشنل

درجہ: عالیہ سال دوم | پرچہ: آٹھواں | مضمون: الفلسفة

تاریخ: 12-02-2025 | دن: بدھ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

امتحانی سنٹر: ____________ دستخط نگران امتحانی سنٹر: ____________ دستخط مفتش: ____________

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: صورت جسمیہ سے مراد ہے۔

(الف) حال (ب) محل (ج) حال اور محل دونوں (د) فقط صورة

سوال نمبر 2: ہدایۃ الحکمۃ کے مطابق، ہر جسم۔۔۔ اجزاء سے مرکب ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 3: ہیولیٰ سے مراد ہے۔

(الف) حال (ب) محل (ج) حال اور محل دونوں (د) فقط صورة

سوال نمبر 4: "فكل جسم مركب من الهيولى والصورة" اس قول کے مطابق جسم کی ترکیب۔۔۔ سے ہے۔

(الف) مادہ اور صورت (ب) جوہر اور عرض (ج) مکان اور زمان (د) حرکت اور سکون

سوال نمبر 5: صورتِ جسمیہ۔۔۔ کے بغیر وجود نہیں رکھ سکتی۔

(الف) ہیولیٰ (ب) عرض (ج) مکان (د) زمان

سوال نمبر 6: تمام اجسام ہوتے ہیں۔

(الف) متناہی (ب) غیر متناہی (ج) مقید غیر متناہی (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: ہدایۃ الحکمۃ کی قسم ثانی میں فنون کی تعداد ہے۔

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر 8: اگر ہیولی ایک جہت میں منقسم ہو تو اسے کہتے ہیں۔

(الف) سطح (ب) خط (ج) سطح جوہری (د) جسم

سوال نمبر 9: "الشكل هو الهيئة الحاصلة من إحاطة الحدّ الواحد أو الحدود بالمقدار" اس تعریف کے مطابق شکل۔۔۔ سے پیدا ہوتی ہے۔

(الف) ہیئت (ب) حدود (ج) مادہ (د) صورت

سوال نمبر 10: اگر ہیولی دو جہات میں منقسم ہو تو اسے کہیں گے۔

(الف) سطح (ب) خط (ج) سطح جوہری (د) جسم

سوال نمبر 11: ہیولیٰ کے بغیر صورت کا وجود ممکن نہیں کیونکہ۔۔۔

(الف) صورت محل کی محتاج ہے (ب) صورت مستقل ہے (ج) صورت عرض ہے (د) صورت مجرد ہے

سوال نمبر 12: طبیعتِ مقداریہ بذاتِ خود محل کی محتاج ہے۔

(الف) کیونکہ وہ بذاتِ خود غنی ہے (ب) کیونکہ وہ عرض ہے جسے جوہر کی ضرورت ہے

(ج) کیونکہ وہ بذاتِ خود محل کے بغیر موجود نہیں ہو سکتی (د) کیونکہ وہ مستقل وجود رکھتی ہے

سوال نمبر 13 :اگر جسم غیر متناہی ہو تو کس مسئلہ کا سامنا ہو گا؟

(الف)بعدِ غیر متناہی کا محصور ہونا(ب) جسم کا فنا ہونا (ج) جسم کا حرکت کرنا (د) جسم کا تقسیم ہونا

سوال نمبر 14:علت فاعلی کا شے سے پہلے ہونا۔۔۔ہے۔

(الف)ضروری (ب)جائز (ج)باطل (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 15 :ہدایۃ الحکمۃ کے مطابق،خط کا مستقل وجود محال ہے۔

(الف) کیونکہ وہ تداخلِ خطوط کا باعث ہو گا (ب) کیونکہ وہ غیر منقسم ہے

(ج) کیونکہ وہ فنا پذیر ہے (د) کیونکہ وہ مادہ کا محتاج ہے

سوال نمبر 16 :"فثبت کونُه مانعاًمن تلاقیهما"میں لفظ"کونُه"میں "ہ"ضمیر۔۔۔کی طرف راجع ہے۔

(الف)الجزء (ب)الطرف (ج) الوسط (د)المانع

سوال نمبر17:"القابل یجب وجوده مع المقبول"اس قول کا مفہوم ہے۔

(الف) قابل اور مقبول کا ساتھ ہونا ضروری ہے (ب) قابل اور مقبول الگ الگ ہیں

(ج) قابل اور مقبول میں تضاد ہے (د) قابل کو مقبول کی ضرورت نہیں

سوال نمبر18:"وإذَا ثَبَت أَنَّ ذلك الجسمَ مُركَّب من الهیولی والصُّورة"میں"ذلك الجسمَ"سے مراد ہے۔

(الف)متصل جسم (ب)منفصل جسم (ج)مجرد جسم (د)بسیط جسم

سوال نمبر19:ہدایۃ الحکمۃ میں الفن الاول۔۔۔فصول پر مشتمل ہے۔

(الف)8 (ب)10 (ج)12 (د)14

سوال نمبر 20 :لفظ"مُتَداخِلة" صرفی صیغہ۔۔۔ہے۔

(الف)اسم فاعل (ب)اسم مفعول (ج)مصدر (د)صفت مشبہ

سوال نمبر21:"کل ما له وضع فهومنقسم" اس قول کا مفہوم ہے۔

(الف)جو قابل اشارہ حسیہ ہو وہ منقسم ہو گا (ب)جس کی وضع نہ ہو وہ منقسم نہیں ہو گا

(ج)وضع اور انقسام میں تضاد ہے (د)وضع کا انقسام سے کوئی تعلق نہیں

سوال نمبر22: قابل کے وجود کا۔۔۔کے ساتھ پایا جانا ضروری ہے۔

(الف)مقدار (ب)صورۃ (ج)مقبول (د)غیر مقبول

سوال نمبر 23 :"فلایکونُ وسطاًوطرفاً"میں لفظ"وسطاً" کا نحوی اعراب۔۔۔ہے۔

(الف)منصوب بحذف النون (ب)منصوب بحذف التنوین

(ج)منصوب علی أنه خبر یکون (د)مجرور بالإضافة

سوال نمبر24:وسط اگر تلاقی طرفین سے مانع ہو گا تو ہمیں کیا چیز فرض کرنی ہو گی؟

(الف)وسطین (ب)وسط اور طرف (ج)طرفین (د)فقط طرف

سوال نمبر25:"امتدادان علی نسق واحدکأنهماساقامثلث"اس مثال میں کس تصور کی وضاحت کی گئی ہے؟

(الف)غیر متناہی جسم (ب)صورت تعلیمی (ج)جزءِلایتجزیٰ (د)صورت اور مادہ